Islamiate Elective - FA Part 1 Islamiat Elective Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. مواخات کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: مواخات کے معنی برادری،بھائی بندی اور بھائی چارے کے ہیں.اس مفہوم میں حقیقی بھائی کے علاوہ رکن خاندان ہم قوم اور ہم مذہب بھی شامل ہیں،اسلامی مواخات درحقیقت ان باہمی حقوق کا جامع نام ہے جو رسول(ص) نے پوری امت مسلمہ پر لازم قرار دیئے ہیں جس کی بنیاد محبت ،الفت،اخلاص اور خیر خواہی ہو.

Q2. ترجمہ لکھیں:اَنَّمَا الْمُو مِنُوْنَ اِخْوَۃ

Ans 1: ترجمہ: "بے شک تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں".

Q3. امت مسلمہ کے دو امتیازی اوصاف لکھیں.

Ans 1: امت مسلمہ کے دو امتیازی اوصاف درج ذیل ہیں 1.سب سے اچھی امت 2.معتدل امت

Q4. حضور(ص) کی مدنی زندگی میں اخوت کی سب سے پہلی مثال کونسی ہے؟

Ans 1: حضور(ص) کی مدنی زندگی میں اخوت کے سب سے پہلی مثال یہ ہے کہ جب آپ(ص) مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو تو مکہ سے آنے والے مسلمان مہاجرین اور انصار مدینہ کے مابین آپ(ص) نے اخوت کر رشتہ قائم کرا دیا،

Q5. خدمت خلق کی دو صورتیں بیان کریں.

Ans 1: خدمت خلق کی دو صورتیں درج ذیل ہیں 1.محروموں کی مدد 2.ملازموں کے ساتھ حسن سلوک

Q6. تبلیغ کے دو اہم اصول بیان کریں.

Ans 1: 1.دین کا آسان تصور پیش کرنا 2.عملی نمونہ پیش کرنا 3.عام فہم زبان میں بات کرنا.

Q7. اخوت کے اسطلاحی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: اخوت کے لفظی معنی بھائی کے ہیں،اس لیے اخوت کا مطلب ہو گا بھائی چارہ یا بھائی بھائی ہونا.اصطلاحی اعتبار سے اس سے مراد تمام دنیا کے مسلمانوں کا وہ باہمی تعلق ہے جس کی بنیاد محبت اور خیر خواہی پر ہو.

Q8. اصول تبلیغ پر تین سطروں کا نوٹ لکھیں.

Ans 1: موجودہ دور میں دوسرے لوگوں کے ذہن میں کسی خاص بات کو بٹھانے کے لئے کئی نفسیاتی اور حکیمانہ طریقے ایجاد ہو چکے ہیں،اسلامی تبلیغ کےلیے ان طریقوں سے کام لینا قرآنی احکام کی تکمیل ہوگی،تبلیغ کا انداز حلیمانہ ہونا چاہئے اور موقع محل کی مناسبت سے کام لینا چاہئے

Q9. اخوت کے فوائد لکھیں.

Ans 1: رضائے الہی کا حصول 2.امداد باہمی 3.ہمدردی و خیر خواہی 4.ایثار قربانی 5.جان و مال اور آبرو کا تحفظ 6.معاشی مضبوطی 7.اتحاد 8.عالمی سیاسی قوت.1

Q10. امت اور قوم میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: امت عقائد کے اشتراک سے بنتی ہے جبکہ قوم کے لیے کسی عقیدے کا ہونا ضروری نہیں بلکہ نسل اور علاقہ کی بنیاد پر بھی قوم بن سکتی ہے.